فوری ریلیز کے لیے: 19/4/2023 **گورنر *KATHY HOCHUL***

بیاز از گورنر KATHY HOCHUL بسلسلہ تصدیق CAITLIN HALLIGAN

"مینہیٹن ڈسٹرکٹ کی سولیسٹر جنرل کے طور پر خدمات انجام دینے سے لے کر امریکی سپریم کورٹ کے لئے کلرکی کے فرائض انجام دینے تک، Caitlin Halligan نے نظامِ انصاف کے اعلیٰ ترین درجاتِ منصبی پر فائز رہ کر پیشہ ورانہ زندگی بسر کی، اور وہ خدماتِ عامہ اور نجی پریکٹس دونوں میں بےمثل ریکارڈ کی حامل ہیں۔ انہوں نے کرایہ داروں، اسلحے کے زور پر جارحیت کے تدارک، اور امریکی خواتین کی قومی ٹیم کی سوکر کی کھلاڑیوں کے لئے یکساں ادائیگی کی خاطر وکالتی خدمات انجام دی ہیں۔ ان کی قابلیتوں کے ستارے عروج پر ہیں اور ان کی دانشمندی کا تو جواب نہیں۔

میں فخر کے ساتھ Caitlin Halligan کو ریاست نیویارک کورٹ آف اپیلز کی معاون جج کے طور پر خدمات انجام دینے کے لیے نامزد کرتی ہوں، اور میں سینیٹ کی جانب سے دو طرفہ حمایت کے ساتھ ان کی تصدیق ہو جانے پر خوش ہوں۔

مجھے یقین ہے کہ Caitlin Halligan ہماری ریاست کی اعلیٰ ترین عدالت میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہوں گی، جن کی مدد سے ریاست نیویارک کی کورٹ آف اپیلز ایک بار پھر سے ہماری مملکت کی صفِ اول کی، پُرتفکر، اعلیٰ معیار کے عدل و انصاف کی مثال بن کر ابھرے گی۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں